شاہنواز حسین جھوٹ بول رہے ہیں: ایم ایس ڈی

ممبئی: غلام پیش امام، حسن کمال، جاوید اختر، جاوید آنند، اور ایم ایس ڈی کے دیگر اراکین نے اپنے ایک صحافتی بیان میں کہا ہے کہ مرکزی وزیر شاہنواز کا یہ بیان بالکل غلط ہے کہ ان کی این ڈی اے سرکار نام نہاد حج سبسڈی ختم کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتی۔ انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا ہے کہ کانگریس تو صرف ۲۰ رکروڑ روپیہ بطور حج سبسڈی دیا کرتی تھی، ان کی سرکار نے اسے بڑھا کر ۲۰۰ رکروڑ کردیا ہے۔ بی جے پی قیادت والی مرکزی سرکار کی مسلمانوں پر اس ''عنایت'' کی اس کے سوا کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ بی جے پی کانگریس کے مقابلے میں دس گنا زیادہ ووٹ بینک کی پالیسی میں یقین رکھتی ہے۔ کیونکہ بی جے پی نے ہمیشہ اس حج سبسڈی کو کانگریس کی مسلمانوں کی چاپلوسی کی پالیسی قرار دے کر اس کی مذمت کی تھی۔ اب جبکہ شاہنواز حسین کے مطابق اسے ۲۰ رکروڑ سے بڑھا کر ۲۰۰ر کروڑ کردیا گیا ہے تو اس کا مطلب یہی ہوسکتا ہے کہ بی جے پی، کانگریس کے مقابلے میں دس گنا زیادہ مسلمانوں کی چاپلوس ہے۔

شاہنواز حسین نے یہ بھی کہا ہے کہ یہ رعایت اس لئے دی جارہی ہے کہ مالی طور پر کمزور مسلمان کو بھی حج کا موقع ملنا چاہئے۔

شاہنواز حسین مسلمان اور غیر مسلم عوام سے سفید جھوٹ بول رہے ہیں۔ حج سبسڈی کے تعلق سے مسلمس فار سیکولر ڈیموکریسی (ایم ایس ڈی) کا بہت صاف موقف یہ ہے کہ یہ سبسڈی حاجیوں کو دی ہی نہیں جاتی۔ دراصل انڈین ایرلائنز دوسری ہوائی کمپنیوں کے سامنے کاروباری مقابلہ بازی میں ٹھہرے رہنے کی غرض سے حج کے سیزن میں اپنا کرایہ ۲۰ رفیصد کم کردیتی ہے اور حکومت ہند اس کمی کی بھرپائی کے لئے حج سبسڈی کے نام پر یہ رقم انڈین ایئرلائنز کو دیتی ہے۔ اس رعایت کا کوئی حصہ حاجیوں تک نہیں پہنچتا۔ ہاں بدنامی ضرور بے چارے حاجیوں کے حصے میں آتی ہے۔ ایم ایس ڈی کو یقین ہے کہ شاہنواز حسین اور ٹریول ایجنسیاں اچھی طرح جانتی ہیں کہ ایم ایس ڈی کیا کہہ رہی ہے؟

ایم ایس ڈی نے اپنے اعلان نامے میں اس نام نہاد حج سبسڈی کے فریب پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ ایم ایس ڈی کا مطالبہ ہے کہ اگر واقعی بی جے پی مسلمانوں پر عنایت کرنا چاہتی ہے تو وہ یہ قید ہٹادے کہ حج کمیٹی کے منتخب کردہ حجاج صرف انڈین ایئرلائنز سے سفر کریں گے۔ وہ حاجیوں کو اپنی مرضی کی ہوائی کمپنی چننے کی آزادی دے دے اور حج کے سفر کا انتظام کرنے والی کاروباری ایجنسیوں کو بھی یہ آزادی دے دے کہ وہ چاہیں تو ہوائی جہاز چارٹر بھی کرسکتی ہیں۔